© rasailojaraid.com

**ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد**
**ڈپٹی ڈائریکٹر**
**معادلہ و تصدیقات**

حوالہ نمبر: 8(61)/A&A/2017/HEC　　　　تاریخ: 13 اکتوبر 2017

**عنوان: منظور شدہ دینی اداروں کی جانب سے جاری شدہ شہادۃ العالیہ فی علوم العربیہ والاسلامیہ کی اسناد کا معادلہ**

زیرِ صدارت جناب وزیرِ مملکت برائے وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی دینی مدارس کے سربراہ اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے ساتھ بنے والی کمیٹی کی سفارشات کے تسلسل میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کی کمیٹی برائے معادلہ و تصدیقات نے اپنی چھٹے اجلاس منعقدہ مورخہ 02 فروری 2017 زیرِ صدارت جناب چیئرمین ایچ ای سی جس میں حسب ذیل فیصلے کیے گئے جو تمام متعلقہ لوگوں کی معلومات کیلئے مشتہر کیے جاتے ہیں۔

1۔ شہادۃ العالیہ فی علوم العربیہ والاسلامیہ کی سند، ایچ ای سی کی جانب سے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی یا کسی بھی چارٹرڈ یونیورسٹی جو آئی بی سی سی سے شہادۃ ثانویہ عامہ و ثانویہ خاصہ کے معادلہ کی شرط کے ساتھ، بی اے (پاس) کی سطح کے انگلش و مطالعہ پاکستان کے لازمی مضامین پاس کرنے کے بعد، بی اے (بیچلرز) پاس کے مساوی تسلیم کی جائے گی۔ ان کی سفارشات کے مطابق آئی بی سی سی شہادۃ ثانویہ عامہ و ثانویہ خاصہ کا معادلہ جاری کرے گا۔

2۔ متعلقہ وفاق اپنے طور پر طالب علم کو شہادۃ ثانویہ عامہ میں داخل کریں گے یعنی متوسطہ بمساوی درجہ مڈل۔ اور ایچ ای سی دینی اسناد کے حاملین سے مڈل سکول سرٹیفیکیٹ طلب نہیں کرے گا۔

3۔ اگر کوئی طالب علم کسی یونیورسٹی میں اسلامیات و عربی کے علاوہ کسی اور مضمون میں ماسٹرز کرنے کا خواہشمند ہو تو وہ شہادۃ العالیہ کے بعد لازمی مضامین کے علاوہ اپنی پسند کے دو اختیاری مضامین کا امتحان پاس کرے گا۔

2۔ یہ مجاز اتھارٹی کی منظوری سے جاری ہوا ہے۔

فرخ رضا

برائے:

1۔ قائدین اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان (پانچ مذہبی بورڈ)
2۔ پانچ انفرادی دینی مدارس
3۔ رجسٹرار تمام حکومتی یونیورسٹیاں
4۔ سیکریٹری فیڈرل/صوبائی پبلک سروس کمیشن۔
5۔ سیکرٹری آئی بی سی سی۔ اسلام آباد
6۔ کنٹرولر امتحانات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

کاپی برائے:

1۔ سیکشن آفیسر، وفاقی وزارت تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، اسلام آباد
2۔ پی ایس برائے چیئرمین، ایچ ای سی
3۔ ایس پی ایس برائے ای ڈی، ایچ ای سی
4۔ ڈی جی (معادلہ) ایچ ای سی
5۔ مشیر (کیو اے) ایچ ای سی
6۔ ڈی جی (کیو اے اے) ایچ ای سی
7۔ ڈائریکٹر (میڈیا) ایچ ای سی
8۔ ڈائریکٹر (اے اینڈ اے) ایچ ای سی
9۔ ایچ ای سی کے تمام ریجنل سینٹرز

© rasailojaraid.com